نہ قاصد ہے نہ نامہ ہے نہ پیغام زبانی ہے	کئی دن سے ہمارے حال پر نامہربانی ہے	مصحفی
حسرت پر اس مسافر بیکس کے روئیے	جو تھک گیا ہو بیٹھ کے منزل کے سامنے	،،
انسان کیوں ڈرے کسی مغرور سے عزیز	دبتے رہیں مکان دنی خرد باغ سے	نیر
تجھ کو حاصل صلح کل ہے گر تو اے دل کیا حرج	ہو گلے میں سبحہ و زنار رہنے دیجئے	مسکین
ہمارے بعد کچھ بھی ہو ہمیں کیا	مثل سچ ہے کہ جی ہے تو جہاں ہے	،،
کل کی جو فکر ہے تجھے بے سود ہے یہ فکر	کر لے حساب آج ہی یوم الحساب ہے	،،
کلفت کے وقت چاہیے مضطر نہ ہو کبھی	انساں بنا ہے راحت و آرام کے لئے	،،
ہستی سے پھر عدم جس وقت جا بسیں گے	یہ جھگڑے یہ بکھیڑے یہ رنج و غم نہ ہوں گے	لا اعلم
یہ کوئی دم کا تعصب ہے پھر ہے مطلع صاف	کہاں فلک پہ ہمیشہ سحاب رہتا ہے	محب
خاک پہنچائے گا وہ منزل تک	راستہ جو نہ رہنما جانے	،،
چھپے لاکھ پردوں میں پر خون ناحق	کہے گا خدا سے کہ قاتل یہی ہے	،،
لاکھ نعمت کے برابر ہے کلام شیریں	ذائقہ بس ہے زباں کا مرے دنداں کے تلے	،،
مفت دیتا نہیں خدا کچھ بھی	حوریں ملتی ہیں جنگ میں مر کے	،،
اے بلا آکے تو بہبود کی صورت ہوگی	تجھ میں مخفی مرے اللہ کی حکمت ہوگی	مہر
لئے ہیں جو عمل وہ پھل بھی اپنا لازمی دینگے	جزا اعمال تجھ کو نہ ہو کب اس کا امکان ہے	،،
منعم کو ادھر ہوس زر و مال کی ہے	مفلس کو ادھر فکر زبوں حالی کی ہے	،،
منعم برے ہو تو بھلا کون کہے	اور بھلے ہو تو برا کون کہے	،،

کام آ خلق خدا کے کہ خدا کے نزدیک	اس سے بہتر نہ ہوئی ہے نہ عبادت ہوگی	مہر
کیا ملا عرض مدعا کرکے	بات بھی کھوئی التجا کرکے	نسیم
کبھی تصور کبھی تحیر کبھی تکدر کبھی تحسّر	نہ پوچھو ہمدم میرا گھڑی ہی گھڑی میں کچھ سے کچھ ہے	״
اسباب نہ جمع کر ضرر کے	رکھ پنبہ نہ داغ پر شرر کے	نعیم
بقدر حال ہے شاہ و گدا کو رنج دنیا میں	اسے فکر جہاں ہے اور اسے فکر معیشت ہے	واسطی
عذر تقصیر ہوا باعث تقدیر آخر	جیسے شرمندہ ہم آئے تھے پشیمان گئے	وحشت
مثل رات ہے یہ کہ معلوم ہو	لیے آدمی اور سوتا کسے	وقار
جو بیک روح ہیں ہونے نہیں گا ہے وہ خجل	آہ کی شمع کو کب حاجت گلگیر ہوئی	ہمدم
دلم می سوزد از داغ جدائی	چہ بودی گر نہ بودی آشنائی	لا اعلم
خوش است عالم آزادگی و خوشخوئی	بدین مقام در آ گر بہشت میجوئی	״
محال ست گر سر برین در نہی	کہ باز آیارت دست حاجت تہی	״
از ملائک بہرہ داری و ز بہائم نیز ہم	بگذار از خط بہائم کز ملائک بگذری	״
بہ شیرین زبانی و لطف و خوشی	توانی کہ پیلے بموئے کشی	״
بازیچۂ اطفال ہے دنیا مرے آگے	ہوتا ہے شب و روز تماشا مرے آگے	غالب
جب توقع ہی اٹھ گئی غالب	کیوں کسی کا گلہ کرے کوئی	״
سفینہ جبکہ کنارے پہ آ لگا غالب	خدا سے کیا ستم و جور ناخدا کہئے	״
ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے بہت نکلے مرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے		״
نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے ہیں لیکن	بہت بے آبرو ہو کر ترے کوچے سے ہم نکلے	״
محبت میں نہیں ہے فرق جینے اور مرنے کا	اُسی کو دیکھ کر جیتے ہیں جس کافر پہ دم نکلے	״
نہ سنو گر برا کہے کوئی	نہ کہو گر برا کرے کوئی	״
لوگ کہتے ہیں چاہ مشکل ہے	سب غلط ہے نباہ مشکل ہے	״
خط لکھیں گے گرچہ مطلب کچھ نہ ہو	ہم تو ہیں عاشق تمہارے نام کے	״

وصل کے دن کی آرزو ہی رہی	شب نہ آخر ہوئی جدائی کی	میر
وقت خوش دیکھا نہ اک دم سے زیادہ دہر میں	خندۂ صبح چمن پر مثل شبنم روئیے	″
شادی و غم میں جہاں کے ایک سے دس کا ہے فرق	عید کے دن ہنسیے تو دس دن محرم روئیے	″
دو رنگی دہر کی پیدا ہے یاں سے دل اٹھا اپنا	کسو کے گھر میں شادی ہے کہیں ہنگامۂ غم ہے	″
کیسی کیسی صحبتیں آنکھوں کے آگے سے گئیں	دیکھتے ہی دیکھتے کیا ہو گیا یک بارگی	″
چھوڑ مت نقد وقت نسیہ پر	آج جو کچھ ہے ہو کہاں کل ہے	″
ہر کوئی اس مقام میں دس روز	اپنی نوبت بجا کے جاتا ہے	″
بس وعدۂ وصال سے کم دے مجھے فریب	آگے ہی مجھ کو تیرا بہت اعتبار ہے	″
کیا ہے پھر کوئی دم کو کیا جانو	دم غنیمت میاں جو فرصت ہے	″
چمن کا نام سنا تھا ولے نہ دیکھا ہائے	جہاں میں ہم نے قفس ہی میں زندگانی کی	″
کیا کیا تھے چاؤ دل میں جب آئے تھے عدم سے	کھلتے ہی آنکھ یارو پالا پڑا ہے غم سے	سودا
عجب پیدا حسرت پہ مری صیاد کرتا ہے	دکھاتا ہے چمن اسکو جسے آزاد کرتا ہے	″
فلک میں ہجر کے دل وصل کا دن گھٹتا ہے	یاں محرم ہی ہیں نوروز سدا ہوتا ہے	″
داغ کپڑے پہ لگے ہوں تو دھلاؤں یارو	داغ دل پہ جو ہو اس کو بھی کوئی دھوتا ہے	″
گوہر کو جوہری اور صراف زر کو پرکھے	ایسا کوئی نہ دیکھا وہ جو بشر کو پرکھے	″
تمیز خوب و زشت اے مہرباں کب عشق نے پائی	محبت میں سبھی یکساں ہیں جس کی جس سے بن آئی	″
اٹھایا کوہ رستم نے اگر تو سخت ناداں ہے	اٹھانا دل کو دنیا سے عجب کار نمایاں ہے	″
نقد دل پھر نہ ہاتھ آئے یہ جب جا چکے	چھٹکے وہ چھٹتا نہیں جو دام میں مرغ آ چکے	″
[illegible] اس چمن میں چھوڑ کے ہم آشیاں چلے	اک ہم صفیر نے بھی نہ پوچھا کہاں چلے	″
ناقل ہماری آہ سے رہنا نہ بے خطر	کر خوف ایسے تیر سے جو بے کماں چلے	″
کسی کا درد دل پیارے تمہارا ناز کیا سمجھے	جو گزرے صید کے دل پر اسے شہباز کیا سمجھے	″
مارینگے ایک دو کو یا آپ مر رہیں گے	پیارے تری گلی میں کچھ ہم بھی کر رہیں گے	″
نہ غم کفر کو نے دین کا نقصان مجھ سے	باعث دشمنی اے گبر و مسلماں مجھ سے	″

جفا و مہر جو خاطر میں اب ترے آوے	وہی ہے خوب مرے حق میں جو تجھے بھاوے	سودا
مرے خون ناحق کی دیگی گواہی	شہادت کو بس ہو مری بے گناہی	،،
اس باغ میں اک گل کو خنداں جو کہیں دیکھا	سو غنچہ کی واں صورت دیگر نظر آئی	،،
کی عمر عبث ضائع خدمت میں تہوں کی	خاک اپنی ہی جب دیکھی اکسیر نظر آئی	،،
جتنے ہیں کام ترے سونپ خدا کو سودا	تیری تدبیر سے تقدیر بہت اچھی ہے	،،
نیک و بد سے نہ کروں اپنے لکھے کا شکوہ	جو قسمت کی ہے تحریر بہت اچھی ہے	،،
امید جینے کی اپنے کہاں ہے بلبل کو	چمن تو پھر بھی ہے گر باغباں باقی ہے	،،
مفلس ہیں نہ بوجہ جو رکھتے نہیں ہیں کچھ	خالی ہمیشہ کیسۂ اہل کرم رہے	،،
یاں فکر معیشت ہے تو واں دغدغۂ حشر	آرام بہر کیف یہاں ہے نہ وہاں ہے	،،
دکھ دے نہ کسی دل کے تئیں باغ جہاں میں	گر نخل حیات اپنے سے چاہے کہ ثمر لے	،،
جاتے ہیں لوگ قافلے کے پیش و پس چلے	دنیا عجب سرا ہے جہاں آ کے بس چلے	،،
کہہ تو صبا سلام ہمارا بہار سے	ہم تو چمن کو چھوڑ کے سوئے قفس چلے	،،
صیاد اب تو کیجے قفس سے ہمیں رہا	ظالم پھڑک پھڑک کے پر و بال گھس چلے	،،
عبث نالاں ہے اس گلشن میں تو اے بلبل ناداں	نہیں ہے رسم یاں کوئی کسی کی داد کو پہنچے	،،
شکر صد شکر نہیں ہیں کسی خاطر کا غبار	خاک کعبہ کی ہوں یا گرد صنم خانہ کی	،،
کب شمع مجالس کی فانوس میں چھپتی ہے	جو حسن ہو بازاری مت اس کو بٹھا پردے	،،
جب مسیحا دشمن جاں ہو تو ہو کیونکر علاج	کون رہبر ہو سکے جب خضر بہکانے لگے	،،
آزردہ ہم سے تم ہی جو اب اے میاں رہے	جی سے گئے جہاں سے گئے ہم کہاں رہے	انشا
بندگی ہم نے تو جی سے اپنی ٹھانی آپ کی	بندہ پرور خیر آگے مہربانی آپ کی	،،
کوچے میں تیرے میں نہ چلوں اور صبا چلے	یوں ہی خدا جو چاہے تو بندہ کی کیا چلے	درد
زندگی ہے تو خزاں کے بھی گزر جاویں گے دن	فصل گل جیتوں کو پھر اگلے برس آئے گی	مصحفی
جو صاحب نعمت ہیں وہ سر کو جھکائے ہیں	اوپر کو کبھی شاخ پہ بار نہیں چلتی	،،
جور فلک سے ہم نہ کبھی سر اٹھا سکے	جوں شمع زیر تیغ یہاں عمر کٹ گئی	،،

نہ انیس ہے نہ شفیق ہے نہ رفیق ہے نہ جلیس ہے
ہم اکیلے گھر میں پڑے رہے سبھی لوگ گھر کو چلے گئے — مصحفی

دوروزگی سے ہے ابتر حالت مرغ قفس
ابتو اے صیاد اسے گلشن میں جا کر چھوڑ دے — ″

روندے ہے مثل نقش قدم خلق یاں مجھے
اے عمر رفتہ چھوڑ گئی تو کہاں مجھے — درد

کبھی ہنسنا کبھو رونا کبھو حیران ہو رہنا
محبت کیا بھلے چنگے کو دیوانہ بناتی ہے — ″

کیا کروں میں جو گلستاں میں بہار آئی ہے
یاں تو آنکھوں میں مری جان نزار آئی ہے — مصحفی

صبح کی شام ہوئی شام کی پھر رات ہوئی
یہی وعدہ ہیں تو کب اُن سے ملاقات ہوئی — ″

نہ کبھی صبح کبھی ہوتی ہے نہ خواب آتا ہے
رات کیا آتی ہے اک مجھ پہ عذاب آتا ہے — ″

کبھی در تک ترے کھڑے رہے کبھی آہ بھر کے چلے گئے
ترے کوچے میں جو ہم آئے بھی تو ٹھہر ٹھہر کے چلے گئے — ″

اغنیا کو ہے یہاں حسرت فقیروں کو ہوس
باغ کے مزدور ہی اچھے رہے شداد سے — لا اعلم

گو بنا ہر خاک کے پتلے ہیں سب یکساں مگر
کوئی ہے اکسیر ان میں اور کوئی خاک ہے — جرأت

بشر جو اس تیرہ خاکداں میں پڑا یہ اسکی فروتنی ہے
وگرنہ قندیل عرش میں بھی اسی کے جلوہ کی روشنی ہے — ذوق

کوئی ہے کافر کوئی مسلماں جدا ہر اک کی ہے راہ ایماں
جو اسکے نزدیک رہبری ہے وہ اسکے نزدیک رہزنی ہے — ″

نا ساز ہے جو ہم سے اسی سے یہ ساز ہے
کیا خوب دل ہے واہ ہمیں جس پہ ناز ہے — ″

مثال نے ہے مرا جسم تنگ کہ دم میں دم
فغاں ہے میرے لئے اور میں فغاں کے لئے — ″

بنایا آدمی کو ذوق ایک جزو ضعیف
اور اس ضعیف سے کل کام دو جہاں کے لئے — ″

پوچھ مت راہ فنا اس نگہ پر فن سے
رہنمائی کی نہ رکھ چشم دلا رہزن سے — لا اعلم

اپنوں سے نہ مل اپنے ہیں سب اپنوں کے دشمن
ہر نے میں بھری آگ نیستاں کے لئے ہے — ″

ہمسایہ بھی اس بساط پہ کم ہوگا بد قمار
جو چال ہم چلے وہ بہت ہی بری چلے — ″

ہو عمر خضر بھی تو ہو معلوم وقت مرگ
ہم کیا رہے یہاں ابھی آئے ابھی چلے — ″

پاک رکھ اپنا دہاں ذکر خدائے پاک سے
کم نہیں تیری زباں منہ میں ترے مسواک سے — ″

اب تو گھبرا کے یہ کہتے ہیں کہ مرجائینگے
مر کے بھی چین نہ پایا تو کدھر جائیں گے — ″

دل گرفتار ہوا یار کی عیاری سے
ہم گرفتار ہوے دل کی گرفتاری سے — ″

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
وہی زیبا ہے اس کے واسطے جو قطع ہے جسکی	نکل سکتا ہے کوئی آستیں کا کار دامن سے	لا اعلم
افسوس ہے کہ سایۂ مرغ ہوا کی طرح	ہم جس کے ساتھ ساتھ چلے وہ جدا چلے	"
کیا دیکھتا ہے ہاتھ مرا چھوڑ دے طبیب	یاں جان ہی بدن میں نہیں نبض کیا چلے	"
نہ ہووے دل جلوں کی ذوق ہمسایوں سے دلداری	کہ کب فانوس پونچھے شمع کا رخسار دامن سے	ذوق
گلہائے رنگ رنگ سے ہے رونق چمن	اے ذوق اس جہاں کو ہے زیب اختلاف سے	"
گردش ضرور تھی تو بنانا تھا جام مے	انسان بناکے کیوں مری مٹی خراب کی	"
کہیئے نہ تنگ ظرف سے اے ذوق کبھی راز	کہکر اسے سننا ہو ہزاروں سے تو کہیئے	"
وہ کونسا غم ہے جسے پاتے نہیں دل میں	لیکن نہیں پاتے تو خوشی کو نہیں پاتے	"
عمر طے کرتی ہے ہر دم سفر بحر فنا	جس کو سانس کہے ہے دل مضطر دل چلتی	"
وہ ہے پاس ہی اور مری بدگمانی	لئے پھرتی مجھ کو کہیں سے کہیں ہے	"
اس جبر پہ ذوق بشر کا یہ حال ہے	کیا جانے کیا کرے جو خدا اختیار دے	"
ہمیشہ دور عشرت ہے جو تم ہو اہل کیفیت	کہ مہر و ماہ سے دن رات یاں اک جام چلتا ہے	"
ارادہ گر کرے ناقص علو جاہ کامل کا	تو یہ جانو کہ نابینا کنار بام چلتا ہے	"
قسمت بری سہی پہ طبیعت بری نہیں	ہے شکر کی جگہ کہ شکایت نہیں مجھے	غالب
در بدر ناصیہ فرسائی سے کیا ہوتا ہے	وہی ہوتا ہے جو قسمت میں لکھا ہوتا ہے	مومن
اگر غفلت سے باز آیا جفا کی	تلافی کی بھی ظالم نے کیا کی	"
منت حضرت عیسیٰ نہ اٹھائیں گے کبھی	زندگی کے لئے شرمندۂ احساں ہونگے	"
پھر بہار آئی وہی دشت نوردی ہوگی	پھر وہی پاؤں وہی خار مغیلاں ہونگے	"
ستمہائے گردوں مفصل نہ پوچھو	کہ سر پھر گیا ماجرا کہتے کہتے	"
غنیمت جان لو مل بیٹھنے کو	جدائی کی گھڑی سر پہ کھڑی ہے	"
جہاں ویرانہ ہے پہلے کبھی آباد گھر یاں تھے	شغال اب ہیں جہاں پہلے کبھی بستے لیث یاں تھے	ظفر
جہاں پھرتے بگولے ہیں اڑاتے خاک صحرا میں	کبھی اڑتی تھی دولت رقص کرتے سیمبر یاں تھے	"
خواب تھا جو زندگی جاہ و حشم میں کٹ گئی	ورنہ ساری عمر اپنی درد و غم میں کٹ گئی	"

یار کو دیکھا نہ پہچانا یہ حسرت رہ گئی	کھل گئی آنکھ اپنی لیکن تو بھی غفلت رہ گئی	ظفر
کر گئی ویراں چمن باد خزاں گل جھاڑ کے	بس قفس میں بیٹھ رہ پر اپنے بلبل جھاڑ کے	،،
نہ ہم راہ وفا بھولے نہ تم طرز ستم چوکے	جو اپنی بات تھی اس سے نہ تم چوکے نہ ہم چوکے	،،
صبا گر چراغ چمن گل کرے	تو نظارہ کیا گل کا بلبل کرے	،،
جدھر آنکھ پڑتی ہے تو روبرو ہے	ترا جلوہ سب میں ہے سب جا تو ہے	،،
مری چشم میں کیا ہے تیرا تصور	مرے دل میں کیا ہے تری آرزو ہے	،،
دل نہ رنجیدہ کرے کوئی بڑا یہ ہے گناہ	اور دنیا میں ظفر تقصیر جو چاہے کرے	،،
سرفرازی کسی کی ہو تو ظفر	آپ کو سب کا خاک پا جانے	،،
ظفر آپ کو ڈھونڈھ مت ڈھونڈھ اسکو	وہ تجھ میں ہے جس کی تجھے جستجو ہے	،،
خرد ہی پہ تکیہ نہ بالکل کرے	خدا پر بھی انساں توکل کرے	،،
جو ہو آغاز میں بہتر وہ خوشی سے بدتر	جس کا انجام ہو اچھا وہ مصیبت اچھی	لا اعلم
جو کہو گے تم کہیں گے ہم بھی ہاں یونہی سہی	آپ کی یونہی خوشی ہے مہرباں یونہی سہی	ظفر
جو کچھ ہیں وہ سب اپنے ہی ہاتھوں کے ہیں کرتوت	شکوہ ہے زمانے کا نہ قسمت کا گلہ ہے	لا اعلم
جو چمن سے گزرے تو اے صبا یہ کہنا بلبل زار سے	کہ خزاں کے دن بھی ہیں سامنے نہ لگانا دل کو بہار سے	،،
خامشی پہ کہ ضمیر دل [illegible]	باکیے گفتن و گفتن کر گوے	،،
خدا بڑھائے زلفیں بڑھیں کاکل بڑھے گیسو بڑھے	حسن کی سرکار میں جتنے بڑھے ہندو بڑھے	،،
بچا تمنا سے مکائد سے وفا سے	خدا محفوظ رکھے ہر بلا سے	،،
در سخی پہ یہ لکھا ہے مصحفی مصرع	کہ بے نصیب نہ یاں سے کوئی گدا پھر جائے	مصحفی
دل میں ہوس زلف چلیپا نہیں رکھتے	ہم سر نہیں رکھتے کوئی سودا نہیں رکھتے	لا اعلم
رنج فرقت کو پہنچتی نہیں ایذا کوئی	دل میں بیٹھا ہوا ملتا ہے کلیجا کوئی	داغ
زمیں کو ہم سے غبار آسماں کو ہم سے ملال	نہ ہم زمیں کے لئے ہیں نہ آسماں کے لئے	لا اعلم
صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے	عمر یونہی تمام ہوتی ہے	،،
عمر رواں و بخت و جوانی و زندگی	جتنے ملے رفیق نہیں ہے وفا سے	،،

قدر ہنر کو چاہیئے عقل و تمیز و درک و فہم	دست کشادہ دل فراخ منعمی و تونگری	لا اعلم
گر بر سر و چشم من نشینی	نازت بکشم کہ نازنینی	سعدی
گرتے وہی ہیں جو کہ ہیں میداں میں یکہ تاز	وہ طفل کیا گرے گا جو گھٹنوں کے بل چلے	لا اعلم
لیجائے گر وہ زلف گرہگیر لے گئی	دل لے گئی تو کیا مری تقدیر لے گئی	،،
نہ تو چھوڑے ہی بنے اور نہ بٹھلائے بنے	ہم تو قابو میں بھی لاکر انہیں لاچار رہے	،،
نشاں سدا نہیں رہتا ہے نام رہتا ہے	وہ کام کر کہ زمانے میں واہ واہ رہے	،،
نہیں کھیل اے داغ یاروں سے کہدو	کہ آتی ہے اردو زباں آتے آتے	داغ
یہ چمن یوں ہی رہیگا اور ہزاروں جانور	اپنی اپنی بولیاں سب بول کر اڑ جائینگے	لا اعلم
کسی کے مرنے کا افسوس ہے عبث ناداں	گر جہاں میں رہے گا ہمیشہ تو باقی	،،
چاک کو تقدیر کے ممکن نہیں کرنا رفو	سوزن تدبیر ساری عمر گو سیتی رہی	،،
دوش اپنے بھاگ کو ہی دیجئے	غیر کا کاہے کو شکوہ کیجئے	،،
بجز رنگیں مزاجی زندہ دل رہنا نہیں ممکن	روانی خوں کی شریانوں میں وجہ زندگانی ہے	،،
غنیمت ہے صحت علالت سے پہلے	فراغت مشاغل کی کثرت سے پہلے	حالی
ہنوزت کہ امکان تقریر ہست	بگو اے برادر بلطف و خوشی	سعدی
من نگویم کہ کنون باکہ نشین و چہ بنوش	کہ دانی ہمہ گر زیرک و عاقل باشی	حافظ
اے ذوق تکلف میں ہے تکلیف سراسر	آرام سے وہ ہیں جو تکلف نہیں کرتے	ذوق
چلتی ہوئی جہاں میں غم کی نسیم ہے	اول کتاب میں بھی الف لام میم ہے	لا اعلم
غافل تجھے کیوں خواہش دنیائے دنی ہے	پیوند زمیں ہر کوئی درویش و غنی ہے	انیس
جو قاقم و سنجاب پہنتے تھے ہمیشہ	سوتے ہیں تہ خاک گلے میں کفنی ہے	،،
اب گرم خبر موت کے آنے کی ہے	ناداں تجھے فکر آب و دانے کی ہے	،،
ہستی کے لئے ضرور اک دن ہے فنا	آنا تیرا دلیل جانے کی ہے	،،
گر لاکھ برس جئے تو پھر مرنا ہے	پیمانۂ عمر ایک دن بھرنا ہے	،،
وہ تخت کدھر اور کہاں تاج ہیں وہ	جو اوج پہ تھے زیر زمیں آج ہیں وہ	،،

مصرع اول	مصرع دوم	شاعر
کیا کیا دنیا سے صاحب مال گئے	دولت نہ گئی ساتھ نہ اطفال گئے	انیس
پہنچا کے لحد تک پھر آئے سب لوگ	ہمراہ اگر گئے تو اعمال گئے	،،
افسوس جہاں سے دوست کیا کیا نہ گئے	اس باغ سے کیا کیا گل رعنا نہ گئے	،،
تھا کونسا نخل جس نے دیکھی نہ خزاں	وہ کون سے گل کھلے جو مرجھا نہ گئے	،،
ویراں ہے کوئی گھر کہیں آبادی ہے	راحت سے کوئی اور کوئی فریادی ہے	،،
اک عشرت و غم کا ہے مرقع دنیا	ماتم ہے کسی جا تو کہیں شادی ہے	،،
دل سے طاقت بدن سے کس جاتا ہے	آتا نہیں پھر کر جو نفس جاتا ہے	،،
جب سال گرہ ہوئی تو عقدہ یہ کھلا	یاں اور گرہ سے ایک برس جاتا ہے	،،
دنیا جسے کہتے ہیں بلا خانہ ہے	پامال ہے جو عاقل و فرزانہ ہے	،،
ہر آن تغیر ہے زمانے کے لئے	انسان کا دل ہے دل اٹھانے کے لئے	،،
بوڑھا کہ نوجوان غنی ہو کہ فقیر	سب آئے ہیں اس خاک میں جانے کے لئے	،،
پیری آتی ہے جوانی پہ چلی جاتی ہے	دھوپ چڑھتی ہے [illegible] چاندنی ڈھلی جاتی ہے	افسوس
کیا کہوں آہ شرربار کی حالت دل سے	جب نکلتی ہے تو بجلی سی کڑک جاتی ہے	،،
عمر بھر ہم نے جانفشانی کی	تم نے پر خوب قدردانی کی	،،
ٹلتی کبھی آئی ہوئی تقدیر نہیں ہے	ٹل جائیگی اس کی کوئی تدبیر نہیں ہے	،،
توڑا کمر شاخ کو کثرت نے ثمر کی	دنیا میں گرانباری اولاد غضب ہے	ذوق
حسرت پہ اس مسافر بیکس کے روئیے	جو تھک گیا ہو بیٹھ کے منزل کے سامنے	لاعلم
موت سے کس کو رستگاری ہے	آج وہ کل ہماری باری ہے	،،
ملک الموت را بحیلہ دفن	نتوانی کہ پنجہ برتابی	،،
گر دریمنی و با منی پیش منی	در پیش منی و بے منی در یمنی	،،
مرنا برحق ہے کون اس سے بھاگے	دو دن کوئی پیچھے کوئی دو دن آگے	،،
جو ہم تم پاس بیٹھے ہیں سو یہ دم غنیمت ہے	یہ ہنسنا بولنا رہ جائے تو کیا کم غنیمت ہے	،،
کسی کی شب وصل ہوتے کٹی ہے	کسی کی شب ہجر روتے کٹی ہے	،،

بہ مردم در آمیز اگر مردمی	کہ با آدمی خوگرست آدمی	نظامی
چہ خوش وقتے و خرم روزگاری	کہ یارے برخورد از وصل یارے	جامی
کہ بر خاطر بادشاہان غمے	پریشان کند خاطر عالمے	سعدی
تامل در آئینہ دل کنی	صفائی بتدریج حاصل کنی	״
نسیت را چو تعہد کنی و نوازی	بدولت تو گنہ می کند بانبازی	״
از بدان جز بدی نیاموزی	نکند گرگ پوستین دوزی	״
اگر با پدر جنگ جوید کسے	پدر بے گمان خشم گیرد بسے	״
بدا سلطانیا کورا بود رنج دل آشوبی	خوشا درویشا کورا بود گنج تن آسانی	خاقانی
زصاحب غرض تا سخن نشنوی	کہ گر کار بندی پشیمان شوی	سعدی
برے کو ہم بھلا سمجھے بھلے کو ہم برا سمجھے	پڑیں پتھر سمجھ پر ایسی ہم سمجھے تو کیا سمجھے	لا اعلم
بھلائی میں ہزاروں ہیں برائی دیکھنے والے	بہت کم ہیں برائی میں بھلائی دیکھنے والے	״
چھپا دست ہمت میں زور قضا ہے	مثل ہے کہ ہمت کا حامی خدا ہے	حالی
بھاگ ان بردہ فروشوں سے کہاں کے بھائی	بیچ ہی ڈالیں جو یوسف سا برادر ہووے	لا اعلم
پل میں چاہے تو گدا کو وہ کرے تخت نشیں	کچھ اچنبھا نہیں اسکا کہ خدا قادر ہے	سوز
ایک آفت سے تو مر مر کے ہوا تھا جینا	پڑ گئی اور یہ کیسی مرے اللہ نئی	״
اک انقلاب چرخ سے افسوس دیکھنا	وہ صحبتیں رہیں نہ تو وہ ہمنشیں رہے	سرور
جز حسرت و افسوس نہیں ہاتھ کچھ آتا	ایام گزشتہ کو کبھی یاد نہ کیجے	مصحفی
گھمنڈ اس پہ حماقت کی بس نشانی ہے	مقام عبرت و حسرت سرائے فانی ہے	لا اعلم
زصاحب غرض تا سخن نشنوی	کہ گر کار بندی پشیمان شوی	سعدی
آسودہ دلا حال دل زار چہ دانی	خونخواری عشاق جگر خوار چہ دانی	لا اعلم
جب بنکے بگڑ جاتی ہے تقدیر کسی کی	چلتی نہیں پھر ایک بھی تدبیر کسی کی	״
بشش ماہ جلاب و ہر ماہ قے	بہر ہفتہ حمام و ہر روز مے	״
درد دل سے لوٹتا ہوں کس کو میرا درد ہے	ہوں میں حرف درد جس پہلو سے الٹو درد ہے	״

ہم کیا ہیں اے صبا جو نہ ہو ہم پہ افترا	محفوظ انبیا نہ رہے اتہام سے	لا اعلم
نہ گور سکندر نہ ہے قبر دارا	مٹے ناميوں کے نشاں کیسے کیسے	”
انصاف ہو کیا خاک کہ دل صاف نہیں ہے	دل صاف ہو کیا خاک کہ انصاف نہیں ہے	”
کس سے گل کچھ تو بہار جانفزا دکھلا گئے	حسرت ان غنچوں پہ ہے جو بن کھلے مرجھا گئے	”
گل دریا چمن سیر صحرا ضیافت عمر بے بقا ہے مسافرو دیکھ لو تماشا سرائے فانی عجب سرا ہے		”
غافل تجھے گھڑیال یہ دیتا ہے منادی	گردوں نے گھڑی عمر کی اک اور گھٹا دی	”
محرم دوست نبود ہر سرے	بار مسیحا نکشد ہر خرے	”
جہان را عمارت نماند بسے	چو از عقل خود بگزرد ہر کسے	”
درختے کہ اکنون گرفتست پاے	بہ نیروے مردے برآید ز جاے	”
دشمنوں سے دوستی غیروں سے یاری چاہئے	خاک کے پتلے بنے تو خاکساری چاہئے	”
مردن بہ نیک نامی	بہتر از زندگی بدنامی	”
کم گوے و بجز مصلحت خویش مگوے	چیزے کہ نپرسند تو از پیش مگوے	”
لائی حیات آئے قضا لے چلی چلے	اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے	ذوق
قناعت کن اے نفس باندکے	کہ از حرص خواری [illegible]	لا اعلم
بحریست دست انداز بیگانے	نشد جو بہ سلامت را بہانے	”
اگر روزی بہ دانش برفزودے	ز نادان تنگ تر روزی نبودے	”
بعد نطفہ علق بودی بعد زان مضغہ شدی	مدتے بعد کشش پیدا نہ دیدست خواص آدمی	”
چو کردی با کلوخ انداز پیکار	سر خود را بنادانی شکستی	سعدی
علم چندانکہ بیشتر خوانی	چون عمل در تو نیست نادانی	”
ہر چہ از دونان بمنت خواستی	در تن افزودی و از جان کاستی	”
اگر شخص ارادت کنی نظر در وے	فرشتہ آپ بنماید نظر بہ کروبی	”
سدا ایک ہی رخ نہیں ناؤ چلتی	چلو تم ادھر کو ہوا ہو جدھر کی	حالی

گاہ باشد کہ کودکِ ناداں	بہ غلط بر ہدف زند تیرے	سعدی
بارہا بولے زیرِ گردوں گر کوئی میری سنے	ہے یہ گنبد کی صدا جیسی کہے ویسی سنے	ذوق
گر دل ہے ترا صاف تو کیوں مجھ سے خفا ہے	بتلا دے مجھے صاف کہ کیا میری خطا ہے	لا اعلم
بہ سفر رفتنت مبارک باد	بہ سلامت روی و باز آئی	״
للہ الحمد ٹھکانے لگی محنت میری	طے ہوئی آج کی منزل میں مسافت میری	سرور
ہم نے مانا کہ کچھ نہیں غالب	مفت ہاتھ آئے تو برا کیا ہے	غالب
نمرد آنکہ ماند پس از وے بجا	پل و مسجد و چاہ و مہمانسرا	لا اعلم
عاقبت کی خبر خدا جانے	اب تو آرام سے گزرتی ہے	״
باغِ دنیا میں نہ ہوگا کوئی ہم سا بے نصیب	آئے ایسے باغ میں اور خالی داماں لے چلے	״
غمِ صیاد و فکرِ باغباں ہے	دو تنکے میں ہمارا آشیاں ہے	״
بات میری تو نہ کوئی بھی بری لگتی ہے	صحبتِ غیر مگر دل پہ چھری لگتی ہے	״
نگاہ اس کی نخوت کے زینے پہ تھی	جو شانے سے اتری تو سینے پہ تھی	״
گرچہ مسکین اگر پر داشتے	تخمِ کنجشک از جہان برداشتے	״
مرتے کو مارنا بے دردی ہے	ہے بہت دور جوانمردی سے	״
کون مرتا ہے کسی کے واسطے	ہیں یہ جھگڑے جیتے جی کے واسطے	״
شاعری کھیل نہیں جو کوئی لڑکا کھیلے	ہم نے بارہ برس اس فن میں ہیں پاپڑ بیلے	״
بے فیض اگر یوسفِ ثانی ہو تو کیا ہے	جو بندہ نوازی کرے دل اس پہ فدا ہے	״
اک طفلِ دبستاں ہے فلاطوں مرے آگے	کانپے ہے پڑا گنبدِ گردوں مرے آگے	״
مرغانِ اولی الاجنحہ مانند کبوتر	کرتے ہیں صدا عجز سے غوں غوں مرے آگے	انشاء
جفا سے دل کو بچائیں گے کس طرح آخر	جفا ہمارے لئے تھی تو ہم جفا کے لئے	لا اعلم
سنبھالا ہوش تو مرنے لگے حسینوں پر	ہمیں تو موت ہی آئی شباب کے بدلے	״
خاک میں ناموسِ پیمانِ محبت مل گئی	اٹھ گئی دنیا سے راہ و رسمِ یاری ہائے ہائے	غالب
کس کپڑے کو پھاڑیں کس کو جوڑیں ننگے	کیا خاک نہائیں کیا نچوڑیں ننگے	لا اعلم

تیرا غرور اور مرا عجز تابکے	آخر ہر ایک بات کی کچھ انتہا بھی ہے	لا اعلم
درد یا اے فلک با من چہ کردی	رسانیدی آفتابم را بزردی	جامی
شراب خوار اگر خوار ہو تعجب کیا	جو زر رہے اُسے آزار ہو تعجب کیا	لا اعلم
زندگی موت کے آنے کی خبر دیتی ہے	یہ قیامت ہمیں پیغام سفر دیتی ہے	"
صفائی عجب چیز دنیا میں ہے	صفائی سے بہتر نہیں کوئی شے	"
ہم نے اس ہستی میں رہ کر یہ اٹھائے رنج و غم	جو روانہ ہو گئے سوئے عدم اچھے رہے	"
دنیا نہیں ہمیشہ کسی کی قیام گاہ	جو ہے یہاں وہ تیر قضا کا نشانہ ہے	"

سب جیتے جی کے جھگڑے ہیں سچ پوچھو تو کیا خاک ہوئے
جب موت سے آ کر کام پڑا سب قصہ قضیہ پاک ہوئے — "

عجب نادان ہیں وہ جن کو ہے عجب تاج سلطانی
فلک بال ہما کو پل میں سونپے ہے مگس رانی — "

ہمنشیں سب اٹھ گئے اور بزم میں ہلچل پڑی	اے فلک انداز گردوں اب تو تجھ کو کل پڑی	"
ملے ہی ہو جاتا ہے کیسا مرحلہ دشوار ہو	چلتے چلتے ہوتی ہے نزدیک منزل دور کی	"
خاکساری کیوں نہ ہو دل کی کدورت کا علاج	خاک سے ملنا اڑاتا ہے غبار آئینہ سے	"
خاکساری پر نہ کر موذی کے ہرگز اعتبار	جونک مٹی میں ملے تو بھی لہو پیتی ہے	"
جو کرینگے جمع یاں غافل ہمیں چھوڑ جائینگے	ہاں مگر ارمان و حسرت ساتھ لیتے جائینگے	"
کیسی ہوا چلی کہ گھر گھر نفاق ہے	مہر و وفا کا ذکر تو بالائے طاق ہے	"
خیال مغفرت اے بے خبر نادان نمی سازی	چرا غافل تو کار آخرت سامان نمی سازی	"
دل کے آئینہ میں ہے تصویر یار	جب ذرا گردن جھکائی دیکھ لی	"
مطلب گر توانگری خواہی	جز قناعت کہ دولتی ست نہی	"
خوشا وقتے و خرم روزگارے	کہ یارے برخورد از وصل یارے	"
گر در یمنی و با منی و پیش منی	ور پیش منی و بے منی در یمنی	"
تو یوسف منی را ز چاہ بلا دیدی	او را بشہنشاہی در مصر کجا دیدی	"

از جان و دل گوید کسے پیش چنین جانانہ	از سیم و زر گوید کسے پیش چنیں اسکندرے	لا اعلم
اصل تمیز ست اندر آدمی	تا فزونی را بداند از کمی	"
ہنر تا بد از مردم گوہری	چو نور از مہ و تابش از مشتری	"
فقیروں کے قدم لیتے ہیں سلطاں	یہ ہے تاثیر نقش بوریا کی	[illegible]
بھاگتی پھرتی تھی دنیا جب طلب کرتے تھے ہم	اب جو نفرت ہم نے کی وہ بیقرار آنے کو ہے	لا اعلم
کو لگا حق سے جدا رہ خلق سے	ہیں یہ بچھو آزما کر دیکھ لے	"
دل دیا اللہ نے صدمے اٹھانیکے لئے	ہم فقط پیدا ہوئے ہیں آزمانیکے لئے	"
اس قدر ناز جوانی کی بہاروں پہ عبث	عارضی باغ ہیں کل دیکھنا ویراں ہونگے	"
نالہ بلبل شیدا تو سنا ہنس ہنس کر	اب جگر تھامکے بیٹھو مری باری آئی	"
وقت را غنیمت دان ہر قدر کہ بتوانی	حاصل از حیات اے جان یکدم ست گر دانی	"
رند ہے نقش پا کی طرح خلق یاں مجھے	اے عمر رفتہ چھوڑ گئی تو کہاں مجھے	"
کمال اس فرقۂ زہاد سے اٹھا نہ کوئی	کچھ ہوئے تو یہی رندان قدح خوار ہوئے	"
قصاب گاؤ کشت شب اندر بہ نیمروز	فربہ چنان کہ کس نہ خریدہ بہ لاغری	"
مردی نبود لکد برافتادہ زدن	گر دست ز پا فتادہ گیری مردی	"
ہوں گنہگار مگر شاد مجھے تعزیر میں ہے	عفو کے پھولوں کی بو دامن تقصیر میں ہے	"
تو بدین جمال و خوبی سر طور اگر خرامی	ارنی بگوید آنکس کہ بگفت لن ترانی	"
بکدام امیدواری بروم بخواب بے تو	تو چنان رمیدہ از من کہ بخواب ہم نیائی	"
اے آنکہ خاک را بنظر کیمیا کنی	آیا بود کہ گوشۂ چشمے بما کنی	"
گرچہ بو من تو یسے طعنہ دو آہو گیری	لیکن انصاف کہ خود آہو آہو گیری	"
راضی ہے خدا بھی بتوں کی خوشی بھی ہو	پڑھئے نماز کرکے وضو آب گنگ سے	"
عشق در نازک دلان آتش زند یکبارگی	مرغ شکر خوارہ را آرد بہ شکر خوارگی	"
نیک ما گے گھر میں جو قسمت آگئی	ظلمت دوزخ ہے گویا چھا گئی	"
یکے خوان و یکے بین و یکے بوے	یکے خواہ و یکے خوان و یکے گوئے	"

مصرع اول	مصرع دوم	شاعر
چو نہ سر پر آید بہ آبستنی	بجنبش در آید رگ ستنی	لا اعلم
ابر اگر آب زندگی بارد	ہرگز از شاخ بید بر نخوری	سعدی
اگر فی المثل در نشانیدن ندانی	ہمہ حال در چیدن آخر توانی	لا اعلم
انچہ کنی بخود کنی	گر ہمہ نیک و بد کنی	"
این دغل دوستان کہ می بینی	مگسانند گرد شیرینی	سعدی
پس از سی سال این معنی محقق شد بخاقانی	کہ بیرانی ست بادنبان و بادنجان ست بورانی	خاقانی
جہد نما تا کہ بجائے رسی	ورنہ بکشش تا بہ وائے رسی	لا اعلم
خوردہ جہان بہ کہ تنہا خوری	وائے بران خوردہ کہ تنہا خوری	"
فہم سخن گر نکند مستمع	قوت طبع از متکلم مجوے	"
گرد نام پدر چہ می گردی	پدر خویش باش اگر مردی	"
ماری تو کہ ہر کرا ببینی بزنی	یا بوم کہ ہر کجا نشینی بکنی	سعدی
نیکی کردے آبروئے بسے	چہ غم دارد از آبروئے کسے	"
شاعری جزویست از پیغمبری	جاہلانش کفر دانند از خری	مولوی معنوی
اب جو چھپاتے ہیں چھپتا نہیں کیا ہوتا ہے	سیکھتا ہے وہی ایجان جو کچھ کھوتا ہے	لا اعلم
شادی جو ہوئی غم سے کبھی پہلو نکل آئے	جب کوئی ہنسا ساتھ ہی آنسو نکل آئے	"
الفت کا جب مزا ہے کہ وہ بھی ہو بیقرار	دونوں طرف ہو آگ برابر لگی ہوئی	"
چار دن کی دوستی کا ہے زمانہ میں رواج	کس توقع پر کسی سے آشنائی کیجئے	"
جوانی میں بہار حسن و صورت آہی جاتی ہے	ثمر جب وقت گدراتا ہے رنگت آہی جاتی ہے	"
آشیانوں میں نہ غافل رہیں مرغان چمن	ان دنوں باغ میں صیاد بہت آتا ہے	"
جس کا آغاز ہو بہتر وہ خوشی سے بہتر	جس کا انجام ہو اچھا وہ مصیبت اچھی	"
ہوس میں کعبہ کے زاہد تو بتخانہ سے گھر پہنچے	یہاں تو کوئی صنم بھی ہے اللہ ہی اللہ ہے	"
ادبار جبکہ آگیا سب عیب آگئے	آغاز جھوٹا نیز سرانجام جھوٹ ہے	"
وہی سر ہے جسے تم ایکدن زانو پہ رکھتے تھے	وہی سر ہے جو کچلا جا رہا ہے آج پتھر سے	"

وقت تبسم شوخ کے جس وقت وہ لب خوش ہوئے
ہم خوش ہوئے تم خوش ہوئے وہ خوش ہوئے سب خوش ہوئے — لاعلم

ترا از حال زارم هم خبر نیست	رموز و سر سلطان را چه دانی	"
امیروں کو مبارک ہو حویلی	غریبوں کا بھی ہے اللہ بیلی	"
نہ کرے دوست بیگانوں کا بھروسا کوئی	سچ ہے مشکل میں کسی کا نہیں ہوتا کوئی	"
یک بیک ایسا زمانہ میں ہوا ہے انقلاب	قدرداں سب اٹھ گئے ناقدرداں پیدا ہوئے	"
یار بودی قطب یک دو سال گشتی قطب دین	سال دیگر گر بمانی قطب دین حیدر شوی	"
صوفی نشود صافی تا درنکشد جامے	بسیار سفر باید تا پخته شود خامے	جامی
نکند جور پیشه سلطانی	که نیاید ز گرگ چوپانی	لاعلم
هرچه از دونان بمنت خواستی	در تن افزودی و از جان کاستی	"
ابر اگر آب زندگی بارد	هرگز از شاخ بید بر نخوری	"
خدا گر به حکمت ببندد دری	کشاید به فضل و کرم دیگری	"
تا بدکان خانه در گروی	هرگز اے خام آدمی نشوی	"
تا شود مرد فربهی لاغر	لاغرے مرده باشد از سختی	"
دوستان را کجا کنی محروم	تو که با دشمنان نظر داری	سعدی
قناعت کن اے نفس باندکے	که از حرص خواری رسد بیشکے	لاعلم
گر زمین را بآسمان دوزی	نه دهندت زیاده از روزی	"
کسی کی بدی تو نہ کر عیب سے	کہ اس کا خدا عالم الغیب ہے	"
کس طرح کھلے دل کہ جگر بند نہیں ہے	گھر قبر سے بدتر ہے جو فرزند نہیں ہے	"
ناحق مجھے کہتا ہے فہیم ایک زمانہ	یہ نام تو زیبا کسی عاقل کے لئے ہے	"
دو چیز تیره عقل است دم فرو بستن	بوقت گفتن و گفتن بوقت خاموشی	"
بجز رنگین مزاجی زنده دل ہونا نہیں ممکن	کہ لطف زندگانی ہے بدن میں جب تلک خوں ہے	"
جس سے رغبت ہو وہی شئے وہ عطا کرتا ہے	منہ شکر خورے کا شکر سے خدا بھرتا ہے	"

اب جو اک حسرتِ جوانی ہے	عمرِ رفتہ کی یہ نشانی ہے	میر
[illegible] عالم میں دورِ خالی ہے	ہزار حیف کمینوں کا چرخ حامی ہے	،،
[illegible] دورِ جام ہوتا ہے	واں یہ عاجز مدام ہوتا ہے	،،
جاگنا تھا ہم کو سو بیدار ہوتے رہ گئے	کارواں جاتا رہا ہم ہائے سوتے رہ گئے	،،
[illegible] گلشن گئے برہم گئے	کیسے کیسے ہائے اپنے دیکھتے ہو سہم گئے	،،
[illegible] اس گلزار میں شام و سحر	دیدۂ تر ساتھ لے دے لوگ جوں شبنم گئے	،،
دل اہلِ بصیرت سے کچھ وہ ہی دکھا دیں گے	لے خاک کی کوئی چٹکی اکسیر بنا دیں گے	،،
سیر کر میر اس چمن کی شتاب	ہے خزاں بھی سراغ میں گل کے	،،
مردوں کو زندہ کرتے تھے جو وہ تو مر گئے	زندوں کے قتل کو یہ مسیح الزماں ہوئے	لا اعلم
نشاید بہ گلشن باخفتن با گلے	کہ ہر بامدادش شود بلبلے	،،
جس پاس عصا ہو اسے موسیٰ نہیں کہتے	ہر ہاتھ کو غافل ید بیضا نہیں کہتے	،،
گور میں بھاگ اہلِ دنیا سے	خلوت اس انجمن سے بہتر ہے	،،
لاش پر لاش نکلتی ہے ترے کوچے سے	کیا تماشا ہے کہ پھر بھیڑ نہیں چھٹتی ہے	،،
پیامبر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا	زبانِ غیر سے کیا شرحِ آرزو کرتے	،،
کام ہمت سے جوانمرد اگر لیتا ہے	سانپ کو مار کے گنجینۂ زر لیتا ہے	آتش
بے اعتبار نقش و نگارِ زمانہ ہے	اک رنگ پر ہوا نہیں رہتی ہے باغ کی	،،
خدا کی یاد جوانی میں غافلو کر لو	وگرنہ وقتِ فضیلت تمام ہوتا ہے	،،
حسن وہ شے ہے کہ پتھر میں بھی کرتا ہے اثر	چشمِ عاشق کی طرح آئینے حیراں ہو گئے	،،
باغِ جہاں میں گل کی قناعت ہے جائے رشک	عمر دو روزہ ایک قبا میں تمام کی	،،
غرض نقشیست کز ما یاد ماند	کہ ہستی را نمی بینم بقائے	لا اعلم
می شنیدم کہ جانِ جانانی	چون بدیدم ہزار چندانی	،،
دنیا میں دیکھیے تو غنیمت ہی چیز ہے	اس کا جسے مزہ نہیں وہ بدتمیز ہے	،،
سیر کی پھول چنے خوب پھرے شاد رہے	باغباں جاتے ہیں گلشن ترا آباد رہے	،،

مصرع اول	مصرع دوم	شاعر
ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں رسوا	وہ قتل بھی کرتے ہیں تو رسوا نہیں ہوتے	لاعلم
باحسان ہم توقع ماتم بنصفت ہم توقع کرے	بفرمان ہم توقع آصف بہ برہان ہم توقع عیسے	״
ہر عیش میں کچھ غم کے بھی پہلو نکل آئے	جب کوئی ہنسا ساتھ ہی آنسو نکل آئے	״
انقلاب دہر کی اک یہ بھی صورت دیکھیے	جنکے ڈنکے بج رہے تھے انکی نوبت دیکھیے	״
اگر بخشے زہے قسمت نہ بخشے تو شکایت کیا	سر تسلیم خم ہے جو مزاج یار میں آئے	״
رند مشرب ہوں فقط نام خدا جپتا ہوں	نہ نماز آتی ہے نہ ترتیب وضو آتی ہے	״
تدبیر سے قسمت کی برائی نہیں جاتی	بگڑی ہوئی تقدیر بنائی نہیں جاتی	״
نہ ہو جس شئے کی حاجت اس کی کوشش سے یہ ہوتا ہے	کہ جو شئے ہر گھڑی درکار ہے اس کو بھی کھوتا ہے	״
کیا پھیر دکھاتی ہے یہ تقدیر ہماری	بن بنکے بگڑ جاتی ہے تدبیر ہماری	״
لاکھ سمجھائیں اسے غیر تو کیا ہوتا ہے	بگڑی بن جاتی ہے جب فضل خدا ہوتا ہے	״
صبا آہم کہ سوے او میان سرم بربندی	سلام ما بعرض فرما با جہانے آرزومندی	״
دیتا ہے کہاں ساتھ برے وقت میں کوئی	پتھر کی لگی چوٹ شرارے نکل آئے	״
وا ہوئے ہرگز نہ وہ عقدے جو تھے تقدیر کے	سعی کرتے کرتے ناخن گھس گئے تدبیر کے	آتش
مقسوم کا ہے جو سو وہ پہنچیگا آپ سے	پھیلائیے نہ ہاتھ نہ دامن پسارئیے	״
ناگوارا کو جو کرتا ہے گوارا انساں	زہر بھی کر مزۂ شیر و شکر لیتا ہے	״
چلی ہے ایسی زمانے میں کچھ ہوا الٹی	کہ سیدھی بات سمجھتے ہیں آشنا الٹی	״
نگاہ یار کے پھرتے ہی ہمسے اے آتش	زمانہ پھر گیا چلنے لگی ہوا الٹی	״
راحت طلب کو رنج کشوں کی طلب کہاں	آگاہ کیا سوار ہے توسن کے بوجھ سے	״
باغ عالم میں نہیں کوئی کسی کی سنتا	نہ دماغ اپنا کرے مرغ خوش الحاں خالی	״
اٹھ گئی ہیں سامنے سے کیسی کیسی صورتیں	روئیے کس کس کو اور کس کس کا ماتم کیجیے	״
بلبل شیدا کے نالوں سے یہ آتی ہے صدا	فصل گل ہے چار دن سیر گلستاں کیجیے	״
نہ پوچھ عالم برگشتہ طالعی آتش	برستی آگ جو باراں کی آرزو کرتے	״

عتاب و لطف جو فرماؤ ہر صورت سے راضی ہیں	شکایت سے نہیں واقف نہیں شکرانہ آتا ہے	آتش
زمین چمن گل کھلاتی ہے کیا کیا	بدلتا ہے رنگ آسماں کیسے کیسے	״
غم و غصہ و رنج و اندوہ و حرماں	ہمارے بھی ہیں مہرباں کیسے کیسے	״
حالت آئینہ رکھتا ہے صفائے دل مرا	آشنا سے آشنا بیگانہ سے بیگانہ ہے	״
توبہ کرنی ہے گناہوں سے تو کرلے غافل	ورنہ فرصت ہے دم بازپسیں تھوڑی سی	״
بولی یہ روح پھینک کے پشتارہ جسم کا	بھاری ہے بوجھ کون یہ بیکار لے چلے	״
اک دن حضور قلب سے ہوتی نہیں ادا	زاہد تری نماز کو میرا سلام ہے	״
ناکسوں سے اہل عزت کو ہے لازم احتراز	میل تانبے کا ہوا جس سیم و زر میں داغ ہے	״
چپ ہو کیوں کچھ منھ سے فرماؤ خدا کے واسطے	آدمی سے بت نہ بنجاؤ خدا کے واسطے	״
ان سے کہدو نہیں آہستہ جو رکھتے دو گام	گر بھی پڑتے ہیں بہت دوڑ کے چلنے والے	״
ایک دن منزل ہستی سے گزرنا ہے ضرور	چار دن کے لئے ناداں ہے جو گھر لیتا ہے	آباد
جمع کر نیک عمل یوں کہ مسافر جیسے	پیشتر کوچ سے اسباب سفر لیتا ہے	״
رکھنا امید فہم کا اپنے قصور ہے	امداد وقت بد میں قریبوں سے دور ہے	رند
عوض اللہ لیگا ہم سے مظلوموں کا ظالم سے	خدا اسکو ستائیگا ہمیں جس نے ستایا ہے	״
جسے چاہا ہے میں نے وہ ہوا ہے جان کا دشمن	کیا ہے تجربہ سو بار اکثر آزمایا ہے	״
چار دن کی دوستی کا ہے زمانہ میں رواج	کس توقع پر کسی سے آشنائی کیجئے	״
کرتا ہے کون کس کی امداد وقت بد میں	ہے آشنا وہی جو کام آشنا کے آئے	״
باغباں دشمن ہے گلچیں برخلاف	آشیانہ باغ سے لیجائیے	״
مجنون عشق کو ہے عبث پند و وعظ	ہے حکم شرع مردم ہشیار کیلئے	״
وہ اعتبار اٹھ گیا اب جانبین سے	میرا تمھیں یقیں نہ تمھارا یقیں مجھے	״
اس بوریا سے فقر کی توقیر دیکھنا	جھک کر سلام کرتے ہیں مسندنشیں مجھے	״
کب حق پرست زاہد جنت پرست ہے	حوروں پہ مر رہا ہے یہ شہوت پرست ہے	״
دل صاف ہو تو چاہئے معنی پرست ہو	آئینہ خاک صاف ہے صورت پرست ہے	״

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
درویش ہے وہی جو ریاضت میں چست ہو	تارک نہیں فقیر بھی راحت پرست ہے	رند
دولت کی رکھ نہ مار سر گنج سے امید	موذی وہ دیگا کیا کہ جو دولت پرست ہے	״
عنقا نے گم کیا ہے نشاں نام کے لئے	گم گشتہ کون کہتا ہے شہرت پرست ہے	״
بلبل یہ تیرے واسطے فریاد غضب ہے	فریاد نہ کر دیکھ یہ صیاد غضب ہے	״
اے سرو تو پابند غم بے ثمری میں	کہتے ہیں گرفتار کو آزاد غضب ہے	״
یہ خانۂ ہستی ہے عجب خانۂ رنگیں	اے ذوق مگر سستیٔ بنیاد غضب ہے	ذوق
آنرا کہ بجائے تست ہر دم کرمے	عذرش بنہ ار کند بعمرے ستمے	سعدی
اے زر تو خدا نۂ ولیکن بخدا	ستار عیوب و قاضی الحاجاتی	لا اعلم
اگرچہ شیخ نے داڑھی بڑھائی سن کی سی	مگر وہ بات کہاں مولوی مدن کی سی	״
اے شیخ چہ جوئی ز شب قدر نشانی	ہر شب شب قدر ست اگر قدر بدانی	״
ان بتوں کو ہم فقیروں سے بھلا کیا کام ہے	یہ تو طالب زر کے ہیں اور یاں خدا کا نام ہے	״
ابتدائے عشق ہے روتا ہے کیا	آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا	״
بر مزار ما غریبان نے چراغے نے گلے	نے پر پروانہ سوزد نے صدائے بلبلے	״
بن آئیں کام ہزاروں فراغ دل ہو اگر	کسی سے اک بھی نہ تدبیر بے فراغ بنے	״
بادہا خوردن و ہوشیار نشستن سہل ست	گر بدولت رسی مست نگردی مردی	״
پہنچا میں سر جھکا کے گنہگار کی طرح	مجھ کو جہاں جہاں مری تقدیر لے گئی	״
پیسا ہی رنگ روپ ہے پیسا ہی مال ہے	پیسا نہ ہو تو آدمی چرخے کی مال ہے	״
دوست تو بد خو نہ ہو۔ دشمن جو بد خوئی کرے	تو نکوئی کر اگر تجھ سے بدی کوئی کرے	ظفر
ہے جو گویائی کی خاطر منہ میں انساں کے زباں	پر زباں کس کام کی وہ جو کہ بدگوئی کرے	״
پھرتے کب عہد وفا سے ہیں محبت والے	سر پھرایا کریں بک بک کے نصیحت والے	״
غرض کے آشنا ہو آشنائی یوں بھی ہوتی ہے	صفا ظاہر کدر دل صفائی یوں بھی ہوتی ہے	״
کہاں ہے اپنا وہ عالم کہیں اٹھے کہیں بیٹھے	ہوئی ہے اپنی یہ حالت جہاں بیٹھے وہیں بیٹھے	״
نے فقیری چاہئے نے بادشاہی چاہئے	قسمت اچھی چاہئے فضل الٰہی چاہئے	״

ہو گئے نا آشنا تم آشنائی کیا رہی	جب کدورت بھر گئی دل میں صفائی کیا رہی	ظفر
ہم وہاں پہنچے کبھی کے منزل مقصود پر	بس اکیلے رہ گئے ہیں راہ ہم بھولے ہوئے	״
نہ چرخ آسیا ہوں نے بھنور ہوں نے بگولا ہوں	مجھے تو کیوں لئے اے گردش تقدیر پھرتی ہے	״
اور کو دیکھ وہ نہیں سکتے	وہ جنھیں خود نمائی ہوتی ہے	״
دانا ہے وہ جو سمجھے کہ قسمت ہے کیمیا	احمق ہے وہ جو خواہش اکسیر میں پھنسے	״
کیا بھنور اور کیا بگولا رہتے ہیں چکر میں سب	ہم نے کوئی بھی نہ پایا بحر و بر میں چین سے	״
جو ہوں اوسان تو لکڑی نہیں شمشیر سے کمتر	نہوا اوسان تو بدتر ہے پھر شمشیر لکڑی سے	״
صفا کرتی ہے خاک آئینہ کو لیکن ترے دل میں	ہماری خاکساری سے کدورت دونی ہوتی ہے	״
غنچہ کی مٹھی میں زر ہے پر نہیں دست کرم	تنگئ دل اور ہے اور تنگدستی اور ہے	״
رہے جب آپ ہی یہ آسمان دن رات گردش میں	کوئی آرام سے کیا خاک زیر آسمان بیٹھے	״
نے دام کی خطا ہے نہ صیاد کا قصور	قسمت بری تھی اپنی قضا سے بگڑ گئی	״
پیدا ہوئے ہیں شادی و غم باہم اے ظفر	خنداں اگر ہے برق تو ابر اشکبار ہے	״
میں کروں شکوہ جو کچھ ان کو محبت ہو ظفر	جو محبت ہی نہیں ہے تو شکایت کیا ہے	״
جائیگا جس ملت میں تو پائیگا واں جنگ و جدل	آرام گر منظور ہو تجھ کو تو صلح کل میں ہے	״
دی مثل نگیں پہلے اسے سینہ خراشی	جس کو کہ زمانہ نے ظفر ناموری دی	״
کریگا دوربیں کو کیا نظر آئیگا کیا اس میں	صفا کر دل کو تو ایسا کہ دل سے دوربیں ہووے	״
رہا ہے کوئی دنیا میں نہ رہویگا یہاں کوئی	کہ فرمان قضا بے قید خاص و عام آتا ہے	״
جوشش بہار گل کا نہ کر دیکھ اعتبار	غافل خزاں بھی گلشن عالم کے ساتھ ہے	״
صاف باطن وہ نہیں جو دل میں اور منہ پر ہو اور	ہے عیاں آئینہ سا دل کی صفائی آنکھ سے	״
دنیا کے عیش و عشرت اے یار کم نہ ہونگے	چرچا یہی رہے گا افسوس ہم نہ ہونگے	حزیں
ہمیشہ آگ نکلتی ہے میرے سینے سے	الٰہی موت دے گزرا میں ایسے جینے سے	شیفتہ
کوچ کی اپنے اب تیاری ہے	تیرا حافظ جناب باری ہے	سرور
عشق میں طرفین سے الفت برابر چاہیے	جو بدل بندہ ہو اس کو بندہ پرور چاہیے	״

مجھے فرقت کی اسیری سے رہائی ہوتی	کاش جینے کے عوض موت ہی آئی ہوتی	سرور
ابر رحمت سے تو محروم رہی کشت مری	کوئی بجلی ہی فلک تو نے گرائی ہوتی	،،
اک انقلاب چرخ سے افسوس دیکھنا	وہ ہمنشیں رہیں نہ تو وہ ہمنشیں رہے	،،
خدا ملے تو ملے آشنا نہیں ملتا	کوئی کسی کا نہیں دوست سب کہانی ہے	،،
قسمت کی بے نصیبی کی فریاد کیا کرے	سر پر گرا پہاڑ تو فریاد کیا کرے	عارف
گردش گردوں سے اے دل کیوں تو حیرانی میں ہے	پیش آتی ہے وہی جو کچھ کہ پیشانی میں ہے	حسرت
بے نصیبی پہ اے دل اپنی عبث روتا ہے	جو لکھا کاتب قدرت کا وہی ہوتا ہے	قلندر
سفر ملک عدم تجھ کو ہے آخر درپیش	خواب غفلت سے تو بیدار ہو کیا سوتا ہے	،،
ہم صفیران چمن ہم سے چمن چھوٹے ہے	ہائے اے شام غریباں کہ وطن چھوٹے ہے	لا اعلم
تاب اس کے دیکھنے کی نہ لائے چلے گئے	کیا کیا جواں پرے تھے کہ آئے چلے گئے	نظیر
دارا رہا نہ جم نہ سکندر سا بادشاہ	تخت زمیں پہ سینکڑوں آئے چلے گئے	،،
آدم رہا نہ کوئی پیمبر نہ اولیا	وہ بھی اسی زمیں میں سمائے چلے گئے	،،
کل شب وصل میں کیا جلد گئی تھیں گھڑیاں	آج کیا مر گئے گھڑیال بجانے والے	،،
اگر میں جانتا داغ جدائی	خدا جانے نہ کرتا آشنائی	،،
منت دلا کسی کی نہ اصلا اٹھائیے	مر جائیے نہ ناز مسیحا اٹھائیے	نسیم
لائے اس بت کو التجا کر کے	کفر توڑا خدا خدا کر کے	،،
سیاہی مو کی گئی دل کی آرزو نہ گئی	ہمارے جامۂ کہنہ سے مے کی بو نہ گئی	بقا
چین تجھ کو بھی نہ ہو مجھ کو ستانے والے	تو بھی ٹھنڈا نہ رہے جی کے جلانے والے	احسان
کچھ تیرے سلیقے سے پھنسے ہم نہیں صیاد	لائی ہے ہمیں دام میں تقدیر ہماری	تپش
جب رات تھی دراز ملاقات کم ہوئی	ملنے کے دن جو آئے تو اب رات کم ہوئی	تجلی
کنج قفس میں دیکھ کے بے بال و پر مجھے	اے ہم صفیر چھوڑ گئے تم کدھر مجھے	جولان
مجھ کو تجھ سے خدا جدا نہ کرے	میں ہوں تجھ سے جدا خدا نہ کرے	حسرت
تمہیں غیروں سے کب فرصت ہم اپنے غم سے کب خالی	چلو اب ہو چکا ملنا نہ تم خالی نہ ہم خالی	،،

یاد جس وقت تری آتی ہے	مجھ کو ہچکی وہیں لگ جاتی ہے	جان
غفلت تری نقاب ہے دیدار کے لئے	ورنہ یہاں حجاب نہیں یار کے لئے	لا اعلم
چھٹ جائے کسی سے نہ مدارات کسی کی	اللہ بگاڑے نہ بنی بات کسی کی	رقت
چرخ کے کیسے انقلاب ہوے	پر کبھی ہم نہ کامیاب ہوے	زار
آؤ مل جائیں لڑائی ہوچکی	ایک دم صبر آزمائی ہوچکی	شیفتہ
دردمندوں سے نہ پوچھو کہ کدھر بیٹھ گئے	تیری محفل میں غنیمت ہے جدھر بیٹھ گئے	نسیم
کیا کروں کس سے کہوں کون کریگا آسان	سخت مشکل ہے مرے حق میں جدائی تیری	غریب
کار مردان از زنان ناید ہمی	پیش شمشیر از روبہ ناید مردمی	لا اعلم
ہمدم کو تم غیر میاں اور غیروں کو ہمدم سمجھے	یہ بات جہاں ہے رہنے دو کچھ تم سمجھے کچھ ہم سمجھے	رنجی
آپ آئے نہ کبھی خط نہ کتابت بھیجی	سینکڑوں راہ دکھائی ہمیں ترسانے کی	"
جس نے ہمارے دوست کو ہم سے جدا کیا	وہ بھی مراد اپنی نہ پائے خدا کرے	لا اعلم
تمہارا دل اگر ہم سے پھرا ہے	تو بہتر ہے ہمارا بھی خدا ہے	آبرو
مقدور ہے کس کا جو ترے حکم کو ٹالے	رستم جو نہ آوے تو وہیں اسکا سر آوے	قسمت
چلی سمت غیب سے اک ہوا کہ چمن سرور کا جل گیا	مگر ایک شاخ نہال غم جسے دل کہیں سو ہری ہری	سراج
ہیں کیا جو تربت پہ سیلے رہے	یہ سب کچھ ہوا ہم اکیلے رہے	بحر
کھلینگے شکوؤں کے جبکہ دفتر ادھر ہمارے اُدھر تمھارے	تو کیا کیا گزریگی آہ دل پر ادھر ہمارے اُدھر تمھارے	جوہر
جس گھڑی تیرے آستاں سے گئے	ہم نے جانا کہ دو جہاں سے گئے	آصف
شمع کی طرح رفتہ رفتہ ہم	سنیو اک دن کہ جسم و جاں سے گئے	"
وہ کہاں جیتے رہے جو بیوفائی کر گئے	مر گئے آخر نہ کوئی آشنائی کر گئے	لا اعلم
تمنا سیر گلشن کی ابھی صیاد باقی ہے	نکر قید قفس گل سے ہمیں فریاد باقی ہے	مقبول
نگاہ یار ہم سے آج بے تقصیر پھرتی ہے	کسی کی کچھ نہیں چلتی ہے جب تقدیر پھرتی ہے	وحشت
خیال آتا ہے دل کو شکوۂ بیداد کیا کیجے	خدا سے اے بت کافر تری فریاد کیا کیجے	امانت
بہار آئی ہے گلشن میں گھٹا جاتا ہے دم اپنا	قفس کے در کو وا کرتا نہیں صیاد کیا کیجے	"

ہماری قبر کو ٹھوکر لگا کر یار کہتا ہے	ملا ہے خاک میں جو خود اسے برباد کیا کیجے	امانت
خوب ہی تم نے غرض ہم سے وفاداری کی	ہاں میاں شرط یہی ہوتی ہے بس یاری کی	لا اعلم
بجز آہ و فغاں کوئی نہ اب مونس ہمارا ہے	ترا اے آہ بس اس دم فقط ہم کو سہارا ہے	ناداں
وہ نہ آئے یہ بلا بہر ملاقات آئی	جس کا دھڑکا تھا کئی دن سے وہی رات آئی	قلق
پیری میں آرزو ہے یہی ہر زماں مجھے	کر دے پھر ایک بار الٰہی جواں مجھے	"
ستم کر کے ستمگر کی نظر نیچی ہی رہتی ہے	برائی پھر برائی ہے ندامت آ ہی جاتی ہے	"
نہ تو جنت نہ جہنم کے ہیں قائل ہم لوگ	وصل جنت ہے جہنم ہے جدائی تیری	اسیر
بس اسی زور پہ یہ کبر یہ نخوت نمرود	چھین لی ایک ہی پشہ نے خدائی تیری	"
پیراہن بھی گر رنگے اپنا تو مٹی میں رنگے	خاکساری چاہیئے اتنی گدا کے واسطے	وزیر
جو کہ قانع ہو وہ بچ جائے فریب نفس سے	دام کب صیاد پھیلائے ہما کے واسطے	"
ایک روٹھا تو وہیں ایک منانے آیا	نہ رہی اپنی بھی آغوش کسی ڈھب خالی	حاتم
بعد فنا غبار مرے دل کا دھو گئے	دو آنسو مری قبر پہ وہ آ کے رو گئے	وزیر
میخانہ میں ہجوم ہے ساقی کے فیض سے	دس اٹھے بیس بیٹھے ہیں چار آئے دو گئے	"
میں کیا کہوں جو قیصر و خاقان لے گئے	لاکھوں جہاں سے ساتھ یہ ارمان لیگئے	"
حسرت اے تازہ اسیران قفس آتی ہے	دم ہم سے فصل بہار ایکبرس آتی ہے	زکی
دن گزرتا ہے آہ و زاری سے	رات کٹتی ہے بیقراری سے	شائق
دن تو تیرے ہی تصور میں گزر جاتا ہے	رات کو خواب میں بھی تو ہی نظر آتا ہے	تسکیں
نہ مونس نہ ہمدم نہ ہمسم یار ٹھیرے	فقط غم ہی کھانے کو غمخوار ٹھیرے	صنعت
دل مرا تیرے لئے چرخ بنا پھرتا ہے	جیسا کعبہ کے لئے قبلہ نما پھرتا ہے	عارف
گئے دونوں جہاں کے کام سے ہم نہ ادھر کے ہوئے نہ ادھر کے رہے	نہ خدا ہی ملا نہ وصال صنم نہ ادھر کے ہوئے نہ ادھر کے رہے	شرر
سنگ پھینکے ہے مری قبر پہ گل کے بدلے	گالیاں دے ہے پس مرگ بھی قل کے بدلے	محو
سوز جگر کو دیدۂ پرنم کو دیکھئے	ان آفتوں کو دیکھئے اور ہم کو دیکھئے	نظر
یار تجھے سوا اٹھ گئے اور بزم میں ہلچل پڑی	اے خلل انداز گردوں اب تو تجھ کو کل پڑی	وزیر

حضرت انسان میں یہ کیا تکبر تیز ہے	خاک کا پتلا بنا اور خاک سے پرہیز ہے	چرکیں
تصور مرگ کا مرنے سے اپنے پیشتر باندھے	سفر میں چاہیئے انسان سامان سفر باندھے	ارشد
نہیں ہے مال و دولت آبرو یاں ہاتھ آنے کی	ہر اک فوارہ کو دنیا میں حاجت ہے خم آنے کی	امانت
کہیں کا بھی نہ رکھا ہم کو طول قید آفت نے	چھٹے جو دم قفس سے راہ بھولے آشیانے کی	”
لالہ ساں اس باغ سے ہم داغ ہجراں لے چلے	خاک سر پر داغ دل پر سینہ بریاں لے چلے	لا اعلم
باغ عالم میں نہ آیا ہوگا ہم سا بے نصیب	آئے ایسے باغ میں اور خالی داماں لے چلے	”
ہم روئے گل بھی دیکھنے پائے نہ یا نصیب	ہم کو بہار میں سوئے زنداں لے گئے	ہوس
جو سر آج زینت دہ تاج ہے	وہ کل ایک تکیہ کا محتاج ہے	علم
ناصر ہر ایک جنس سے ہے تو حقیر تر	ذرے کو بھی نہ دیکھ حقارت کی آنکھ سے	ناصر
وصل بھی دیکھا جدائی دیکھ لی	حق نے جو صورت دکھائی دیکھ لی	نثار
دل کے آئینے میں ہے تصویر یار	جب ذرا گردن جھکائی دیکھ لی	”
کسی کی شب وصل سوتے کٹی ہے	کسی کی شب ہجر روتے کٹی ہے	شیفتہ
ہماری یہ شب کیسی شب ہے الٰہی	نہ روتے کٹی ہے نہ سوتے کٹی ہے	”
مئے وحدت کی ہم کو مستی ہے	بت پرستی خدا پرستی ہے	لا اعلم
گر معرفت کا چشم بصیرت میں نور ہے	تو جس طرف کو دیکھیے اس کا ظہور ہے	درد
مجھے اے دوست تیرا ہجر اب ایسا ستاتا ہے	کہ دشمن بھی مرے اب حال پر آنسو بہاتا ہے	لا اعلم
مطلب نہ کفر سے ہے نہ اسلام سے غرض	دل دیکھے اے صنم تجھے ب سے برے ہوئے	ذوق
لب بام اس صنم کو دیکھ کر موسیٰ بھی کہتے ہیں	خداوندا ترے بندوں کی صورت ایسی ہوتی ہے	لا اعلم
بمیر اے دوست گر خواہی رہائی	کہ بے مردن نیابی آشنائی	”
سالہا گر بنویسم صفت مشتاقی	ماند از شوق تو صد سال حکایت باقی	”
غیر ممکن ہے چھٹے شادی و غم کا کبھی ساتھ	پر خوشی بھی نہ رہے دل میں اگر غم نہ رہے	”
اجل سر پر کھڑی ہے خواب غفلت میں زمانہ ہے	چھپر کھٹ کے عوض لازم بنانا شامیانہ ہے	”
آپ ہی اپنے ذرا لطف و کرم کو دیکھیں	ہم اگر عرض کریں گے تو شکایت ہوگی	”

نہیں محتاج زیور کا جسے خوبی خدا نے دی	کہ دیکھو خوشنما لگتا ہے کیسا چاند بن گہنے	لا اعلم
پسر ناکارہ ہو بد وضع ہو بے زور و بے زر ہو	پدر آخر پدر ہے اسکو الفت آ ہی جاتی ہے	"
ماں باپ کی آسائش و راحت ہے پسر سے	تلخی میں بھی جینے کی حلاوت ہے پسر سے	"
مسجد کو توڑ ڈالیئے گرجا کو ڈھائیے	دل کو نہ توڑیئے کہ خدا کا مقام ہے	"
چاک دامن ہو تو بھر جائیں رفوگر ٹانکے	زخم دل ہوئے تو فرمائیے کیونکر ٹانکے	"
اکتساب علم کر ٹوٹی ہوئی دیوار سے	ہر پرانی اینٹ اک گنجینۂ تاریخ ہے	"
پھرے زمانہ پھرے آسماں ہوا پھر جائے	بتوں سے ہم نہ پھریں ہم سے گر خدا پھر جائے	"
لازم ہے گر فنا تو ہستی کیسی؟	انجام خمار ہے تو مستی کیسی؟	"
سویرے ہی اٹھے گا جو آدمی	رہے گا وہ دن بھر ہنسی اور خوشی	"
شریفوں کی اولاد بے تربیت ہے	تباہ انکی حالت بری انکی گت ہے	حالی
یہی بلائیں سر پہ ہیں تو آج موئے کل دوسرا دن	یاری ہوئی بیماری ہوئی درویشی ہوئی تنہائی ہوئی	میر
بد نہ بولے زیر گردوں گر کوئی میری سنے	یہ صدا گنبد کی ہے جیسی کہے ویسی سنے	ذوق
سیہ بادام راہر سو فگن در نظر بازی	نگہدارش کہ وقتی بر سر تا بوتم اندازی	لا اعلم
آہ و افغاں سے گئے صبر و تحمل پہلے	چلنے والوں سے بھی ہیں آگے ٹھہرنے والے	"
جان دینے سے تو انکار نہیں ہے لیکن	مرنے سے پہلے جو اعضا شکنی ہوتی ہے	"
تہیدستوں کا رتبہ اہل دولت سے زیادہ ہے	صراحی سر جھکا دیتی ہے جب پیمانہ آتا ہے	داغ
شاعری جزویست از پیغمبری	جاہلانش کفر خوانند از خری	لا اعلم
بلبل کو گلستاں میں آہ و فغاں ملی ہے	پا کر ہنسی چمن کی ہر اک کلی کھلی ہے	"
تپش دل نے عجب شان بنا رکھی ہے	شرر عشق نے اک آگ لگا رکھی ہے	"
نہیں چلتا کسی کا بس کریں گو لاکھ تدبیریں	وہی بات آئیگی آگے جو قسمت میں لکھی ہوگی	شاد
نہ دے زاہد کو اے ساقی پلا دے بادہ خواروں کو	مزہ وہ شے کا کیا جانے کبھی جس نے نہ پی ہوگی	"
پوتھی تو تو تھی بھئی اور پنڈت بھیا نہ کوئے	ڈھائی اچھر پریم کے پڑھے سو ہی پنڈت ہوئے	تلسی
سیاں تیری روٹھ ہیں آدر کرے نہ کوئی	ڈر ڈر کر گئیں سہیلیاں مڑ مڑ دیکھوں توئے	"

سجن سکارے جائیں گے نین مرینگے روئے	بدہنا ایسی رین کر جو بھور کبھو نا ہوئے	تلسی
جات بھات پوچھے نہیں کوئی	ہر کو بھجے سو ہر کا ہوئے	”
حد حد کرتے سب گئے بے حد گیا نہ کوئے	بے حد کے میدان میں رہے کبیرا ہوئے	کبیر
کرنی کرے تو کیوں ڈرے اور کرکے کیوں پچھتائے	بوئے پیڑ ببول کے تو آم کہاں سے کھائے	”
دانت ٹوٹے گھر گھسے پیٹھ بوجھ نہ لے	ایسے بوڑھے بیل کو کون باندھ بھس دے	”
یہ کتا در در پھرے اور در در دُر دُر ہوئے	ایک ہی در کا ہو رہے تو دُر دُر کرے نہ کوئے	”
جس کا کام اُسی کو سا جے	اوروں کے سر ٹھینگا باجے	”
بہتی بات بنائے کے پی کے پاس گئی	جب جھب دیکھی پیا کی ساری بھول گئی	”
جوبن تھا جب جتن تھا لاگو تھا سب کوئے	جوبن جتن گنوائے کے رہی نمانی ہوئے	”
اصلوں سے نہیں خطا وفا نہیں کم اصلوں سے ہونے کی	کندن میں سو کھوٹ ملاو جب بھی جھلک ہو سونے کی	لا اعلم
حتی الامکان بھلائی ہی کرے دنیا میں	نام رہجاتا ہے رہتا نہیں انساں باقی	”
حال عدم نہ کچھ کھلا گزری ہے رفتگاں پہ کیا	کوئی حقیقت آنکر کہتا نہیں بری بھلی	”
بشر کو چاہئے ملتا رہے سب سے زمانے میں	کسی دن کام یہ صاحب سلامت آہی جاتی ہے	”
تکڑے ہو نہ جس دل میں محبت ہو کسی کی	پھوٹیں نہ جن آنکھوں میں مروت ہو کسی کی	”
خوش ظاہرند عالم بے مغز وجوز پوچ	بیرون پر از فریب ولیکن میان تہی	حزیں
برند از فاقہ نزد ہر خسیسے	کنوان اہل خرد دست گدائی	حافظ
ہوں گنہگار مگر شک مجھے تعزیر میں ہے	عفو کے پھولوں کی بو دامن تقصیر میں ہے	لا اعلم
دو روزی را اعتمادے را نشاید جہلت گردون	مپفگن تاکہ نتوانی بفردا عیش امروزے	”
جوہر ذاتی ترا چون تیغ می گردد لباس	از لباس عاریت خود را اگر عریان کنی	”
ہیچ غمگین نشوی زانچہ نیاید بکف	شکر گوئی و قناعت بخدا داد کنی	حافظ
قانع شوی ز لذت دنیا باندکے	خواب و خورش چو مردم چشم بود یکے	غنی
ہر آنکہ گنج قناعت بگنج دنیا داد	فروخت یوسف مصری بکمترین ثمنے	حافظ
غبار منت احسان گران ترا زدر دست	بصندل دگران رفع دردسر نہ کنی	لا اعلم

مصرع اول	مصرع دوم	قائل
رو کھی سوکھی کھائے کے ٹھنڈا پانی پی	چکنی چپڑی دیکھ کر مت للچاوے جی	لا اعلم
ز شرط ست وقتے کہ روزی خوری	کہ نام خداوند روزی بری	”
رعیت درخت ست اگر پروری	بکام دل دوستان برخوری	”
از تواضع می شود ظاہر عیار پختگی	حجت قاطع بود از میوہ ہا افتادگی	صائب
در وطن گرمی شدے ہرکس با ساقی عزیز	کے ز آغوش پدر یوسف بہ کنعان آمدے	لا اعلم
مکن ہرگز قبول کد خدائی	گر و تا زندہ باشی بندہ باشی	”
چلو چلو سب کوئی کہے برا پہنچے کوے	ایک کنک اور کامنی دُرگم گھاٹی دوے	”
ایک کنک اور کامنی لیں پھل کئے اپائے	دیکھے ہی تے بس چڑھے جا کھت ہی مرجائے	”
گرو گوبند دونوں کھڑے کس کے لاگوں پائے	بلہاری گرو دیو کی گوبند دیا دکھلائے	”
دو چیز طرۂ عقل است دم فرو بستن	بوقت گفتن و گفتن بوقت خاموشی	سعدی
اسپ لاغر میان بکار آید	روز میدان نہ گاو پرواری	”
ابر گر آب زندگانی بارد	ہرگز از شاخ بید بر نخوری	”
با فرو مایہ روزگار مبر	کز نئے بوریا شکر نخوری	”
جہان بہ کہ لشکر بہ جان پروری	کہ سلطان بہ لشکر کند سروری	”
کند جور پیشہ سلطانی	کہ نیاید ز گرگ چوپانی	”
تو کز محنت دیگران بے غمی	نہ شاید کہ نامت نہند آدمی	”
دوست مشمار آنکہ در نعمت زند	لاف یاری و برادر خواندگی	”
دوست آن باشد کہ گیرد دست دوست	در پریشان حالی و در ماندگی	”
اگر گنجے کنی بر عامیان بخش	رسد ہر گدائے را برنجے	”
حاصل نہ شود رضائے سلطان	تا خاطر بندگان بجوئی	”
خواہی کہ خدائے بر تو بخشد	با خلق خدائے کن نکوئی	”
چو کردی با کلوخ انداز پیکار	سر خود را بنادانی شکستی	”
چو تیر انداختی بر روئے دشمن	چنان دان کاندر آماجش نشستی	”

(حاشیہ:) دولت ۱۲ — عورت ۱۲ — زہر ۱۲ — خداوند تعالیٰ ۱۲ — زہر

آنرا کہ بجائے تست ہر دم کرمے	عذرش بنہ ار کند بعمرے ستمے	سعدی
گر وزیر از خدا بترسیدے	ہمچنان کز ملک ملک بودے	״
اگر روزی بدانش بر فزودے	ز نادان تنگ تر روزی نبودے	״
اگر درویش بر حالے بماندے	سر دست از دو عالم بر فشاندے	״
فہم سخن چون نہ کند مستمع	قوت طبع از متکلم مجوے	״
بیک ناتراشیدہ در مجلسے	برنجد دل ہوشمندان بسے	״
گرت از دست بر آید دہنے شیرین کن	مردی آن نیست کہ مشتے بزنی بر دہنے	״
طرب نوجوان ز پیر مجوے	کہ دگر آید آب رفتہ بجوے	״
گہ بود کز حکیم روشن رائے	بر نیاید درست تدبیرے	״
گاہ باشد کہ کودکے نادان	بغلط بر ہدف زند تیرے	״
خاموشی بہ کہ ضمیر دل خویش	با کسے گفتن و گفتن کہ مگوے	״
سخن درمیان دو دشمن چنان گوے	کہ اگر دوست گردند شرم زدہ نباشی	״
با مردم سہل گوے دشوار مگوے	با آنکہ در صلح زند جنگ مگوے	״
از بدان جز بدی نیاموزی	نکند گرگ پوستین دوزی	״
گر سنگ ہمہ لعل بدخشان بودے	پس قیمت لعل و سنگ یکسان بودے	״
اگر جور شکم نبودے ہیچ مرغ در دام صیاد	نیفتادے بلکہ صیاد خود دام نہادے	״
چرا نالد کسے از تنگدستی	کہ گنج بے قیاس ست تندرستی	جودت
در فکر آشنائی اہل سخن مباش	باید کہ خویش را بسخن آشنا کنی	غنی
حافظ مدار امید فرح از مدار دہر	دارد ہزار عیب و ندارد تفضلے	حافظ
ہفتاد سالہ طفلے جز تو کسے ندیدم	جز خاکبازئ تن شغل دگر نداری	کلیم
ہر چند کہ گردید چو کافور ترا موے	دل سرد نگردید ز دنیا سر موے	صائب
درد پیری را مسیحا چارہ نتوانست کرد	تو ز جہل خویشتن در فکر درمان خودی	لا اعلم
ز پیری ریخت دندانت نداری تن بیاد حق	ببازی آخر این تسبیح چون اطفال گم کردی	غنی

شاہد صادق اثر دارد بسے	لیک آنرا کے شناسد ہر کسے	معنوی
گر بصورت آدمی انسان بدے	احمد و بوجہل خود یکسان بدے	لا اعلم
اے زبان ہم گنج بے پایان توئی	اے زبان ہم رنج بے درمان توئی	"
امر حق را باز جواز واصلے	کامر حق را در نیابد ہر دلے	"
می بلرزد عرش از مدح شقی	بدگمان گردد ز مدحش متقی	"
لحن مرغان را اگر واقف شوی	بر ضمیر مرغ کے واقف شوی	"
خر گریزد از خداوند از خری	صاحبش در پے ز نیکو گوہری	"
غنی ز صدر نشینی گزشتم و شادم	کہ ہر کجا کہ روم ہست جائے من خالی	غنی
چند در خواب رود عمر تو اے بے پروا	آنقدر خواب نگہدار کہ در گور کنی	صائب
بپرس ہر چہ ندانی کہ دل ز پرسیدن	دلیل راہ تو باشد بعز و دانائی	سعدی
منہ در میان راز با ہر کسے	کہ جاسوس ہمکاسہ دیدم بسے	لا اعلم
بار برداری ست بہر منزل فردائے تو	منعتنم دان گر بدرگاہ تو آید سائلے	کلیم
بچشم کسان در نیاید کسے	کہ از خود بزرگی نماید بسے	اثر
جہانیان پئے رسوائی ہم اند تمام	خدا کند کہ نپرسد کسے ز حال کسے	ناصر علی
درشتی مکن اے نکوہیدہ رائے	بہ نرمی کند قطرہ در سنگ جائے	حزین
ترا با چنین تندی و سرکشی	نہ پندارم از آبی یا آتشی	سعدی
مردی مگمان مبر کہ بزورست و پردلی	باخشم گر بر آئی دانم کہ کاملی	لا اعلم
ظاہر و باطن اگر باشد یکے	نیست کس را در نجات او شکے	معنوی
یک حرف صوفیانہ بگویم اجازتست	اے نور دیدہ صلح بہ از جنگ و داوری	حافظ
تا توانی نکنی در حق کس تقصیرے	بدرمے یا درمے یا قدمے یا سخنے	لا اعلم
دست چون افتاد خالی ہمت عالی چہ سود	آنچہ در دل داشتم در دست بودے کاشکے	صائب
عشق نے غالب نکما کر دیا	ورنہ ہم بھی آدمی تھے کام کے	غالب
ہم روشِ گل بھی دیکھنے پائے نہ یا نصیب	ہمکو بہار میں سوئے زندان لے گئے	حسرت

جو سر آج زینت دہ تاج ہے	وہ کل ایک تکیہ کا محتاج ہے	علم
ناصر ہر ایک جنس سے تو ہے حقیر تر	ذرّے کو بھی نہ دیکھ اہانت کی آنکھ سے	ناصر
سیکھ تو واکو دیجئے جاکو سیکھ سہائے	سیکھ نہ دیجئے باندرا جو بئے کا گھر جائے	لا اعلم
تاگا توٹے پھر جڑ ملے اور پھول ٹوٹ کملائے	دل کا ٹوٹا نہ ملے آس پاس کہ جائے	״
جیسا چت حرام میں ویسا ہر میں ہوے	جا تلسی بیکنٹھ کو ہاتھ نہ پکڑے کوئی	تلسی
چلتی چکی دیکھ کے دیا کبیرا روے	دو پاٹن کے بیچ میں ثابت گیا نہ کوئی	کبیر
پریت جو کیجئے بڑے سے تو نت نت بنجائے	ہستی کو بخن سر چڑہے اور بن بن کے پھل کھائے	تلسی
دکھ میں ہر ہر سب بھجیں سکھ میں بھجے نہ کوئی	جو سکھ میں ہر کو بھجیں تو دکھ کا ہیکو ہوے	کبیر
تلسی آہ نہ لیجئے بری غریب کی آہ	موی بھیڈ کی کھال سے لوہا بھسم ہو جائے	تلسی
جو میں ایسا جانتی پیت کرے دکھ ہوئے	نگر ڈھنڈورا پھیرتی پیت نہ کریو کوئے	لا اعلم
اس بتکدہ میں کون ہے کافر ترے سوا	تو آپ ہی بت پرست بت بت تراش ہے	ذوق
اہل فنا کو نام سے ہستی کے ننگ ہے	لوح مزار بھی مری چھاتی پہ سنگ ہے	درد
جس روز کسی اور پہ بیداد کروگے	یہ یاد رہے ہمکو بہت یاد کروگے	سودا
گل پھینکے ہے اوروں کی طرف بلکہ ثمر بھی	اے خانہ بر انداز چمن کچھ تو ادھر بھی	״
